# پریس ریلیز

گوجرانوالہ 14 مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عادل ندیم نے کہا کہ جامعہ چشتیہ رضویہ ضیاء القرآن کی خدمات قابل ستائش ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ طلباء کو دینی اور دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ بچوں کی جو بہترین تربیت کررہا ہے اس کے ثمرات بچوں کو اپنے مستقبل بنانے میں کارآمد ثابت ہونگے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ چشتیہ رضویہ ضیاء القرآن کے طلباء پر مشتمل 35 رکنی وفد سے خطاب کے دوران کیا۔جبکہ وفد کی سربراہی پروفیسر حافظ شبیر احمد چشتی پرنسپل نے کی اس موقع پر عطاء مصطفیٰ جمیل چشتی،علامہ حسن،محمد سلیم چشتی اور شعیب شہباز وفد میں شامل تھے۔

پروفیسر شبیر احمد چشتی پرنسپل جامعہ چشتیہ رضویہ ضیاء القرآن نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ادارہ پچھلے 52 سال سے بچوں کو دینی اور دنیاوی تعلیم کے ساتھ بہترین تربیت کررہا۔ہمارے ادارے کے بیشمار طلباء ماسٹر ڈگری ہولڈر ہیں اور پاکستانی اداروں میں مختلف عہدوں پر اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج کے دورہ کا مقصد طلباء کو گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اور گوجرانوالہ کی انڈسٹری کے متعلق آگاہی فراہم کرنا تھی۔انہوں نے کہا کہ جس طرح گوجرنوالہ چیمبر نے طلباء کو معلومات فراہم کی ہے مستقبل میں یہ طلباء اس معلومات سے مستفید ہوسکیں گے۔